TORONTO PUBLIC LIBRARY
37131 140 762 261
HS Humber Summit

ingual, English & Urdu Book

The Magic Box

جادُوکا صندوق

J
URD
FICTION
RAH

Dost

This book belongs to:

____

____

____

All rights reserved
No part of this publication may be reproduced, stored in a retrieval system, or transmitted in any form or by any means without the prior written permission of the publisher.

Retold by:
Hafizur Rahman

Printed by:
WordMate
Islamabad

Published by:
DOST PUBLICATIONS
Plot 110, Street 15, I-9/2, Islamabad
Tel: 051-4102784-85 Fax: 051-4102783
E-mail: dostpub@nayatel.pk
www.dostpublications.com

Once upon a time there lived in Germany a woodcutter. He was very fond of eating and had grown fat. One day he went into the forest. There he chose an old dried tree to cut down. He picked up his axe, spat on his hands, rubbed them together and struck a strong blow at the huge tree. Suddenly, out of the hole in the tree he saw a box coming out, walking by itself on many tiny legs.

The woodcutter was very surprised to see the walking box. As he lifted the box its tiny legs disappeared inside. The woodcutter took it to be a magic box and though it would be a good present for the King who would surely reward him. He placed the box on his shoulder and went off to the King's palace.

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ جرمنی میں ایک لکڑہارا رہتا تھا۔ وہ کھانے پینے کا بہت شوقین تھا اور کھا کھا کر بہت موٹا ہوچکا تھا۔ ایک دن وہ جنگل میں گیا اور ایک پرانا سوکھا ہوا درخت کاٹنے کے لئے منتخب کیا۔ اس نے اپنا کلہاڑا سنبھالا، ہاتھوں کو تھوک لگایا، ان کو آپس میں رگڑا اور اس بڑے درخت پر بھرپور وار کیا۔ اچانک اس نے دیکھا کہ درخت کے اندر سے ایک صندوق اپنی بے شمار ننھی منی ٹانگوں کے سہارے چلتا ہوا باہر آ رہا ہے۔

لکڑہارا اس صندوق کو دیکھ کر بہت حیران ہوا۔ جیسے ہی اس نے اس صندوق کو اٹھایا، اس کی ٹانگیں اندر غائب ہو گئیں۔ لکڑہارا اسے جادو کا صندوق سمجھا۔ اس نے سوچا کہ بادشاہ کو دینے کے لئے یہ ایک بہترین تحفہ ہے۔ اس نے صندوق اپنے کندھے پر اٹھایا اور بادشاہؒ کے محل کی طرف چل پڑا۔

The King was happy and amazed to see the walking box. He gave the woodcutter a small gift and sent him away. He put the box in the treasure room of the palace.

When the King went to bed at night, he thought of the walking box and wanted to have a look at it, as this was the best time to watch it. The King opened the treasure room without making a sound and peeped in.

بادشاہ چلنے والے صندوق کو دیکھ کر خوش ہوا اور حیران بھی۔ اس نے لکڑ ہارے کو انعام دے کر رخصت کردیا اور صندوق کو اپنے محل کے خزانے والے کمرے میں رکھوا دیا۔

جب رات کو بادشاہ سونے لگا تو اسے خیال آیا کہ اس صندوق کو دیکھنے کا یہ بڑا مناسب وقت ہے۔ اس نے بغیر آواز پیدا کئے خزانے والے کمرے کا دروازہ کھولا اور اندر داخل ہوگیا۔



The box was singing and walking around, eating up the King's treasures. The King's eyes popped out with wonder, and he ordered his men to bring out the box. Hearing this the box ran out of the palace, with the King and his servants after it.

The servants beat the box with clubs, but the clubs came back and hit the servants. They all dropped on the way, but the King kept on running after the box which went up and down a thick forest. The King was very tired but he did not give up.

صندوق گاتا ہوا ادھر سے ادھر گھوم رہا تھا اور ساتھ ہی ساتھ بادشاہ کا خزانہ ہڑپ کر رہا تھا۔ بادشاہ کی آنکھیں مارے حیرت کے پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔ اس نے اپنے آدمیوں کو حکم دیا کہ صندوق کو باہر نکالا جائے۔ جب صندوق نے یہ حکم سنا تو وہ محل سے باہر کی طرف بھاگا۔ بادشاہ اور اس کے ملازمین اس کے پیچھے بھاگے۔

ملازمین نے صندوق پر ڈنڈوں سے حملہ کیا مگر یہ ڈنڈے الٹا واپس ہو کر انہی پر برسنے لگے۔ وہ سب نیچے گر گئے مگر بادشاہ جنگل کے اندر اونچے نیچے راستوں پر صندوق کا پیچھا کرتا رہا۔ وہ بہت تھک چکا تھا مگر اس نے ہمت نہ ہاری۔



At last the box came to the old tree trunk which the woodcutter had hit with his axe and disappeared into the hole. The King sat down by the hole, scared and surprised, and looked inside. There was a small green door, and the King decided to enter it.

آخر کار صندوق اسی درخت کے پاس پہنچا جو لکڑ ہارے نے کاٹا تھا اور اس میں گھس کر غائب ہوگیا۔ بادشاہ اس سوراخ کے قریب بیٹھ گیا۔ اس نے خوف اور حیرانی کے عالم میں نیچے جھانکا تو اسے ایک سبز رنگ کا دروازہ نظر آیا۔ بادشاہ نے اس کے اندر جانے کا فیصلہ کرلیا۔

As he pushed the door he saw a beautiful garden. He climbed down into the garden by a ladder which he found there. Everywhere green plants and trees waved in the cool breeze blowing in the garden, while birds sang though the King could not see them. He then came to a big castle and went into it.

جیسے ہی اس نے دروازہ کھولا، سامنے ایک خوبصورت باغ تھا۔ اسے ایک زینہ نظر آیا، جس پر سے گزر کر وہ نیچے باغ میں پہنچ گیا۔ ہر طرف سرسبز پودے اور درخت ٹھنڈی ہوا میں جھول رہے تھے۔ پرندوں کے چہچہانے کی آوازیں آ رہی تھیں حالانکہ بادشاہ کو وہ پرندے نظر نہیں آ رہے تھے۔ پھر اسے ایک محل نظر آیا اور وہ اس کی طرف چل پڑا۔

The King heard somebody calling him. He followed the sound to a room in which stood the magic box. The box began to talk with the King who was struck with fear to see it. Suddenly someone caught the King by the neck and pushed him towards the kitchen of the castle. It was the evil ghost of the castle. This ghost ordered the King to work in the kitchen. It said, "King, you are my slave now." The King began to wash the dishes.

As he was working in the kitchen he heard a pretty voice. It was the voice of a beautiful princess.

بادشاہ کو محسوس ہوا کہ کوئی اسے بلا رہا ہے۔ وہ اس آواز کی طرف چلتا ہوا ایک کمرے میں پہنچا۔ کمرے میں وہ جادو کا صندوق کھڑا تھا۔ صندوق نے بادشاہ سے باتیں کرنا شروع کردیں۔ بادشاہ بہت خوفزدہ تھا۔ اچانک کسی نے بادشاہ کو گردن سے پکڑ لیا اور محل کے باورچی خانے کی طرف دھکا دیا۔ یہ محل میں رہنے والا شیطان بھوت تھا۔ بھوت نے بادشاہ کو باورچی خانے میں کام کرنے کا حکم دیا۔ وہ بولا۔ "بادشاہ اب تم میرے غلام ہو۔" بادشاہ نے برتن دھونے شروع کردیئے۔

جب وہ باورچی خانے میں کام کر رہا تھا تو اس نے ایک بہت پیاری آواز سنی۔ یہ آواز ایک خوبصورت شہزادی کی تھی۔

She said to him, "Your majesty, take this key in my locket. If you open the box with it, the magic will disappear and we shall all be free."

The King took the locket key and opened the magic box with it. From inside appeared a handsome young prince who said, "Hello" to the King and princess. It was the lost son of the King who was very very happy to see him alive.

وہ اس سے مخاطب ہوئی۔ "بادشاہ سلامت میرے گلے کے ہار میں سے یہ چابی نکال لیں اور اگر اس چابی سے آپ اس صندوق کو کھولیں گے تو جادو کا اثر ختم ہو جائے گا اور ہم سب آزاد ہو جائیں گے۔"

بادشاہ نے چابی نکالی اور جادو کے صندوق کو اس سے کھولا۔ صندوق کے اندر سے ایک خوبصورت شہزادہ نمودار ہوا اور اس نے بادشاہ اور شہزادی کو سلام کیا۔ یہ بادشاہ کا بچھڑا ہوا بیٹا تھا جسے زندہ دیکھ کر بادشاہ بہت خوش ہوا۔

The evil ghost of the castle took the shape of a skeleton and came to fight with the prince, but with one blow from his sword the prince finished the ghost, and its evil died with it.

The King, the prince and princess then gathered all the treasures from the ghost palace. There were many beautiful objects there, even walking boxes, and countless jewels and gold. The three took all these home with them.

Soon the prince was married to the princess and the King gave a grand wedding party in their honour. After that they all lived happily ever after.

محل کے بھوت نے ایک ڈھانچے کی شکل اختیار کرلی اور شہزادے پر حملہ آور ہوا مگر شہزادے نے ایک ہی وار سے بھوت کو ختم کردیا اور اسکے ساتھ ہی اس کا جادو بھی ختم ہوگیا۔

بادشاہ، شہزادہ اور شہزادی نے اس بھوت محل سے تمام خزانہ اکٹھا کرلیا۔ وہاں بہت خوبصورت چیزیں، چلنے والے صندوق اور بے شمار جواہرات اور سونا تھا۔ ان تینوں نے یہ سب کچھ اپنے ساتھ لے لیا۔

جلد ہی شہزادے کی شادی شہزادی سے ہوگئی اور بادشاہ نے ایک بڑی دعوت کا اہتمام کیا۔ اس کے بعد وہ سب ہنسی خوشی رہنے لگے۔



SOME OF THE BILINGUAL BOOKS FROM DOST PUBLICATIONS

Set 1

1. Hamid and the Dinosaurs	حامد اور ڈائنوسار .1
2. The Wise Farmer	عقلمند کسان .2
3. The Puss in Boots	بوٹوں والی بلی .3
4. The Brave Tailor	بہادر درزی .4
5. Goldilocks and three Bears	خوبصورت لڑکی اور تین ریچھ .5
6. The Jungle Book	جنگل نامہ .6
7. Little Red Riding Hood	سرخ ٹوپ والی گڑیا .7
8. Pinocchio	پینا کیو .8
9. Aladdin and the Magic Lamp	آلہ دین اور جادو کا چراغ .9
10. The Magic Box	جادو کا صندوق .10
11. X-Men	جناتی طاقتور لوگ .11
12. Captain America	کپتان امریکہ .12

Set 2

13. The Voyages of Sindbad	سندباد کے بحری سفر .13
14. Ali Baba and the Forty Thieves	علی بابا اور چالیس چور .14
15. Sheikh Chilli	شیخ چلی .15
	بغداد کا چور .16
	عمرو عیار .17
	شہزادی اور موچی .18
	آبنوسی گھوڑا .19
Cap	امیر حمزہ اور سلیمانی ٹوپی .20
	شہزادی گل بکاؤلی .21
	حاتم طائی کی مہمات .22
23. The Magic Casket	طلسمی ڈبیا .23
24. The Story of Rustam and Sohrab	رستم اور سہراب کی کہانی .24

TORONTO PUBLIC LIBRARY
37131 140 762 261

Set 3

25. The King and the Washerman	بادشاہ اور دھوبی .25
26. The Fisherman and the Genie	مچھیرا اور جن .26
27. The Haunted House	بھوت بنگلہ .27
28. The Three Princesses	تین شہزادیاں .28
29. The Beauty and the Beast	حسن بانو اور حیوان .29
30. Cinderella	سنڈریلا .30
31. Tarzan the APE Man	ٹارزن .31
32. The Witch and the Bald Headed Boy	جادوگرنی اور گنجا لڑکا .32
33. The Crow and the Nanny	کوا اور آیا .33
34. The Emperor's New Clothes	شہنشاہ کا نیا لباس .34
35. Little Tom Thumb	ٹھگنا ٹام .35
36. Swiss Family Robinson	سوئس خاندان روبنسن .36

Set 4

37. The Country Mouse and the Town Mouse	دیہاتی چوہا اور شہری چوہا .37
38. The Ways of Mullah Nasseruddin	ملا نصیرالدین .38
39. Hakeem Jalinoos	حکیم جالینوس .39
40. Behram and Dil Aram	بہرام اور دلآرام .40
41. The Labours of Hercules	ہرکولیس کی مہمات .41
42. The Farmer and his Donkey	کسان اور گدھا .42
43. The Ugly Duckling	بدصورت بطخ .43
44. The Frog Prince	مینڈک شہزادہ .44
45. The Golden Touch	سونے کا لالچ .45
46. The Man-Eater of Sunderban	سندربن کا آدم خور .46
47. The Prince of Egypt	مصر کا شہزادہ .47
48. The Hare and the Tortoise	کچھوا اور خرگوش .48

This bilingual book in English and Urdu languages is part of a series of books published by Dost Publications. This consists of a brief illustrated story in two languages, which simulate the students to practice translation skills themselves. This book is a special gift for students to encourage them to understand easy bilingual stories.

انگریزی واُردو زبانوں پر مبنی یہ کتاب دوست پبلی کیشنز کی طرف سے شائع کی گئی ہے جس نے اس نوعیت کی اور کتب بھی شائع کی ہیں۔ اس کتاب میں ایک مختصر باتصویر کہانی دونوں زبانوں میں پیش کی گئی ہے جس کو پڑھ کر طالب علم میں ترجمہ کرنے کی صلاحیت خود بخود پیدا ہوتی ہے۔ یہ کتاب طالب علموں کے لئے خصوصی تحفہ ہے۔ اس سے ان کو دوزبانوں میں لکھی ہوئی آسان کہانیاں پڑھنے کی ترغیب ملتی ہے۔

Price: Rs. 50.00

ISBN: 969-496-167-X

T2 BHE-553